# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## سیکنڈری کورس

# Tutor Marked Assignments

## (Secondary Course)

## 2019 - 2020


نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

**National Institute of Open Schooling**

**A-24-25**، انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر **62**، نوئیڈا۔**201309** (اترپردیش)

Website: www.nios.ac.in, www.nos.org

Toll free  No. 18001809393

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## سیکنڈری کورس

## 2019-2020


نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

A-24-25، انسٹی ٹیوشنل ایریا، سیکٹر62، نوئیڈا۔201309 (اتر پردیش)

Website: www.nios.ac.in, www.nos.org

Toll free No. 18001809393

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

## اہم ہدایات

عزیز طلبا،

اب آپ نے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ(NIOS) کے سیکنڈری کورس کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔جیسا کہ آپ پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ کامیابی کے ساتھ کورس کی تکمیل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ منصوبہ بند انداز میں مسلسل مطالعہ جاری رکھا جائے۔ آپ کے پڑھنے اور کامیاب طالب علم بننے کے لیے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ نے امدادی مواد فراہم کرانے کے طور پر کئی ذرائع اور حکمت عملی اختیار کی ہے۔ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ(TMA) ایک ایسا ہی ذریعہ ہے۔

**یہ TMA آپ کی مدد اس طرح کرے گا کہ:**

- آپ میں باقاعدہ مطالعہ کرتے رہنے کی عادت پیدا ہو جائے جو آپ کو خود آموز متعلم (self learner) بنانے کے لیے ضروری ہے؛
- آپ مواد مضمون کو بہتر طور پر سمجھ سکیں؛
- آپ کو سوالات کے جواب دینے کی مشق ہو جائے یعنی ایک طریقہ سے فائنل امتحان کے لیے تیاری کی مشق ہو جائے؛
- آپ کو فیڈ بیک حاصل ہو جائے اور آپ کو اپنے ذریعہ دیے جانے والے جوابات کے صحیح ہونے کی تصدیق ہو جائے؛
- آپ نے جس مضمون کو اختیار کیا ہے اس میں اپنی پیش رفت کی جانچ کر سکیں اور آپ کو مضمون کے کسی مواد میں اگر مشکلات درپیش آتی ہیں تو یہ پتہ چل سکے کہ آپ کو مشکلات پر قابو پانے کے لیے کتنی محنت کرنے کی ضرورت ہے؛ اور
- آپ اکریڈیٹیڈ انسٹی ٹیوٹ(AI) پر مضمون کے اساتذہ سے ملاقات کر کے ان سے مناسب رہنمائی حاصل کر سکیں۔

### TMAs کے لیے جوابی اسکرپٹ کیسے تیار کی جائے؟

اس کتابچہ میں آپ کو ہر ایک مضمون میں ایک اسائنمنٹ ملے گا۔آپ کو صرف چنندہ مضامین کے اسائنمنٹ اپنی تحریر میں مکمل کرنے ہیں۔ایک طرفہ سطر بردار کاغذ پر TMAs کے لیے جواب لکھیں اور اپنے اسٹڈی سینٹر پر اپنے استاد کو سونپ دیں۔

### TMA کا فارمیٹ (تیار کرنے کا انداز)

آپ دیکھیں گے کہ TMA دراصل 20 نمبر کا ہوتا ہے۔سوال نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 چھوٹے چھوٹے جوابات والے ہوتے ہیں۔ہر سوال میں دو۔دو سوال دیے ہوئے ہیں اور آپ کو صرف ایک سوال کا جواب دینا ہے یعنی 6=2+2+2 مارکس۔اس طرح سوال نمبر 1، نمبر 2 اور نمبر 3 کے کل نمبر 6 ہوتے ہیں۔

سوال نمبر 4 اور 5 طویل جواب والے سوالات ہیں اور ہر ایک 4 نمبر کا ہے۔ آپ کو دیے گئے دو سوالوں میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھنا ہے۔ اس طرح سوال نمبر 4 اور 5 دونوں کل 8 نمبر کے ہیں (4+4=8)

سوال نمبر 6 دو پروجیکٹوں پر مشتمل ہوتا ہے جن میں سے ایک پروجیکٹ تیار کرنا ہوتا ہے۔ یہ سوال 6 نمبر کا ہوتا ہے۔

ہر ایک پروجیکٹ ورک کے لیے رہنما خطوط سوال کے ساتھ ہی دیے گئے ہیں۔

## TMAs جمع کرنا

سیکنڈری کورس TMAs کو جمع کرنے کا شیڈول دونوں ایڈمیشن بلاک کے لیے ذیل میں دیا گیا ہے:

| پبلک امتحان | متعلم کے ذریعہ مرکز مطالعہ پر | متعلقہ مضمون استاد کے ذریعہ طالب علم کو فیڈ بیک (تجویز) |
|---|---|---|
| اپریل/ مئی | 31 جنوری | 15 فروری |
| اکتوبر/ نومبر | 31 جولائی | 15 اگست |

اگر جمع کرنے کی آخری تاریخ کو عوامی چھٹی/ ہفتہ/ اتوار ہے تو اگلے ورکنگ ڈے کو آخری تاریخ مانا جائے گا۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کا پورا فائدہ اٹھانے کے لیے برائے کرم درج بالا تاریخ کا خاص خیال رکھیں۔ ٹی ایم اے ان کے لیے لاگو ہوتا ہے جنھوں نے آن لائن کے **اسٹریم 1 میں داخلہ حاصل کیا ہو۔ لہٰذا اسٹریم 1 میں داخل طلبا کے لیے TMA جمع کرنا ضروری ہے۔** انھیں مضمون کے پبلک امتحان میں بیٹھنے سے پہلے جمع کر دینا چاہیے۔ سیکنڈری/ سینئر سیکنڈری امتحان میں ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے لیے پبلک امتحان میں 20 فیصد نمبر متعین کیے گیے ہیں۔ ان نمبروں کو ہر مضمون کے 20 فیصد نمبر کے سوالنامے والے خارجی پرچۂ امتحان کے ساتھ مارک شیٹ میں الگ سے دکھایا جائے گا۔

**ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کو جمع کرتے وقت اپنے ٹیوٹر سے اس کی رسید لینا نہ بھولیں۔** کتابچے کے آخر میں TMA کتابچہ جمع کرنے کی رسید کا نمونہ دیا گیا ہے۔

اگر انتظامی اسباب کی بنا پر مرکز مطالعہ کام نہیں کر رہا ہو یا بند کر دیا گیا ہو تو طالب علم متعینہ تاریخوں پر اپنا TMA بک لیٹ متعلقہ علاقائی مرکز پر جمع کرائیں جو قدر شناسی کا عمل انجام دے گا اور امتحان کے نتیجے میں شامل کرنے کے لیے نمبروں کو NIOS کے ہیڈ کوارٹر بھیجے گا۔

ہر ایک تعلیمی سیشن میں مرکز مطالعہ/ متعلقہ علاقائی مراکز میں TMA کتابچے کا ایک نیا سیٹ دستیاب کرایا جائے گا۔ اگر آپ ٹی ایم اے کتابچہ نہیں حاصل کر سکے ہیں تو اس ادارے کی ویب سائٹ www.nios.ac.in سے ڈاؤن لوڈ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

آپ اپنے حل کیے ہوئے ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کو دوبارہ غور سے پڑھیے اور اپنی کمیوں یا غلطیوں کی تصحیح کی کوشش درج ذیل طریقوں سے کیجیے۔

- آپ متعلقہ مضمون کے مطالعاتی مواد کو دوبارہ پڑھیے۔
- رابطہ کلاسوں کے وقت ٹیچر کے ذریعہ اپنے شبہات اور مسائل کا حل نکالیں۔

- مطالعات کے لیے زیادہ وقت دیں۔

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ کے متعدد فوائد کو دیکھتے ہوئے یہ ممکن ہے کہ آپ کامیاب طالب علم بننے کے لیے اس کا بہتر طور پر استعمال کریں۔

اگر آپ کو اس سلسلہ میں کوئی شبہ ہو یا آپ کی کوئی تجویز ہو تو براہ کرم ہمیں لکھنے میں نہ ہچکچائیں۔

## NIOS کے آڈیو۔ویزوئل پروگرام

آپ کے لیے مزید تعاون کی ضرورت کو سمجھتے ہوئے NIOS نے ''مکت ودیاوانی'' کی شکل میں ٹیکنالوجی کے جادو کو آپ کے گھر تک پہنچایا ہے۔ یہ ہماری ویب سائٹ پر بنی لائیو PCPs ہے رابطہ پروگرام آپ کے مضامین کے تکمیلی مواد پیش کرتا ہے۔''مکت وڈّدیاوانی'' میں آپ مضمون سے متعلق ماہرین سے سیدھے بات کرنے کا موقع حاصل کرتے ہیں جس کے ذریعہ مضمون سے متعلق سبھی شکوک کو دور کیا جاسکتا ہے۔ آپ اس کے لیے ہمارے ٹول فری نمبر 18001802543 پر فون کرسکتے ہیں۔

مضمون کے ماہرین کی کوشش ہوگی کہ وہ آپ کو ہر طرح سے مطمئن کریں۔ آپ 0120-4626949 پر بھی فون کرسکتے ہیں۔ NIOS کی ویب سائٹ پر رابطہ کلاسوں کی نشریات کا متعینہ پروگرام دستیاب ہے۔ آپ وقت نکال کر انہیں اپنی دلچسپی کے مطابق سن سکتے ہیں، انھیں ریکارڈ کرسکتے ہیں یا پہلے سے ریکارڈ کیے گیے پروگرام کو آڈیو آن ڈیمانڈ پر بھی سن سکتے ہیں۔ NIOS کے ویڈیو پروگرام یوٹیوب پر بھی دستیاب ہیں۔

| نشریات کا ذریعہ | نشریات کے اوقات | ہم سے رابطہ کریں |
|---|---|---|
| مکت وڈّدیاوانی | پیر تا اتوار<br>12.00 بجے دوپہر تا 5.00 بجے شام<br>(لائیو پروگرام)<br>5.00 بجے صبح تا 11.00 بجے دوپہر<br>نوٹ: ماہانہ شیڈول پر عمل کریں<br>(ویب سائٹ پر دست یاب ہے) | ہمیں لکھیں:<br>muktvidyavani@nios.ac.in<br>ٹول فری نمبر: 18001802543<br>لینڈ لائن: 0120-4629949 |

ہماری نیک خواہشات کے ساتھ

اکیڈمک افسران
نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف اوپن اسکولنگ

# فہرست


| نمبر شمار | مضمون | | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ریاضی | (211) | 1 |
| 2۔ | سائنس اور ٹیکنالوجی | (212) | 3 |
| 3۔ | سوشل سائنس | (213) | 5 |
| 4۔ | معاشیات | (214) | 7 |
| 5۔ | کاروباری مطالعہ | (215) | 9 |
| 6۔ | ہوم سائنس | (216) | 11 |
| 7۔ | نفسیات | (222) | 14 |
| 8۔ | ہندوستانی ثقافت و وراثت | (223) | 16 |
| 9۔ | اکاؤنٹنسی ( کھاتہ داری ) | (224) | 18 |
| 10۔ | پینٹنگ | (225) | 20 |
| 11۔ | ڈیٹا انٹری آپریشنز | (229) | 22 |

اسائنمنٹ جمع کرنے کی رسید

# Mathematics

# ریاضی

# (211)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر: 20**

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔


(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2


(a) دو اعداد کا حاصل جمع 51 ہے۔ اگر ان میں سے ایک عدد دوسرے عدد سے 11 زیادہ ہے تو دونوں اعداد کا حاصل ضرب معلوم کیجیے۔ (سبق 5 دیکھیے)

(b) کسی AP کے تین مسلسل ارکان کا حاصل جمع 42 اور ان کا حاصل ضرب 2520 ہے۔ AP کے ارکان معلوم کیجیے۔ (سبق 7 دیکھیے)

2۔ درج ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2




(a) دی ہوئی شکل میں دائرہ کا نصف قطر 5 cm ہے۔ وتر AB اور CD متوازی ہیں اور ان کے درمیان کا فاصلہ 7 cm ہے۔ اگر CD = 6 cm ہے تو AB معلوم کیجیے۔ (سبق 15 دیکھیے)





(b) دی ہوئی شکل میں CE = 2 cm، BC = 4 cm اور AC = 6 cm ہے۔ اگر AB = 3.2 cm ہے تو DE معلوم کیجیے۔ (سبق 14 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 2

(a) اگر $\cot\theta = \frac{7}{24}$ ہے تو $\frac{\sin\theta.\sec\theta}{1+\operatorname{cosec}\theta.\tan\theta}$ کی قدر معلوم کیجیے۔ (سبق 22 دیکھیے)

(b) دی ہوئی شکل میں BPC∠ کی قدر معلوم کیجیے۔ (سبق 16 دیکھیے)



4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) راجیش نے ایک تھوک تاجر سے بجلی کا سامان خریدا۔اس سامان پر 2500 روپے قیمت لکھی ہوئی تھی۔تھوک تاجر نے اس سامان کی خریداری پر %20 کی رعایت (چھوٹ) بھی دی۔راجیش نے اس سامان کو 2300 روپے میں فروخت کر دیا۔اس کا نفع یا نقصان فیصد معلوم کیجیے۔ (سبق 8 دیکھیے)

(b) دھات کے ایک ٹھوس استوانہ کا قطر 6 cm ہے۔اس استوانہ کو پگھلا کر اسی نصف قطر والے ایک کرہ کی شکل میں ڈھال دیا گیا۔استوانہ کا کل سطحی رقبہ معلوم کیجیے۔ (سبق 21 دیکھیے)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ 4

(a) ایک مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی میں 7 cm کا فرق ہے۔اگر اس کے وتر کی لمبائی 13 cm ہے تو مستطیل کا رقبہ معلوم کیجیے۔ (سبق 6 اور 20 دیکھیے)

(b) 80 m چوڑائی والے ایک میدان کا رقبہ $1200\ m^2$ ہے۔اس میدان کے چاروں طرف تار کی باڑ لگائی جانی ہے۔اگر باڑ لگانے کا خرچ 50 روپے فی میٹر ہے تو باڑ لگانے کا کل خرچ معلوم کیجیے۔ (سبق 20 دیکھیے)

6۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) موجودہ سال (2019) میں کھیلے گئے کسی کرکٹ میچ کا مشاہدہ کیجیے اور ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے اور اس میں دونوں ٹیموں کے کھیل کا موازنہ کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کو شامل کیجیے۔

(i) ہر ایک ٹیم کے اوسط رنوں کی شرح

(ii) ہر ایک ٹیم کے سب سے زیادہ رن بنانے والے 3 بلے بازوں کے رنوں کی شرح

(iii) دونوں ٹیموں کے ہر ایک گیند باز کے رنوں کی شرح

(iv) مذکورہ بالا (iii) کے اعداد و شمار کو بار چارٹ کی شکل میں ظاہر کیجیے۔

(v) میچ کا سب سے بہترین کھلاڑی (مین آف دی میچ) ہونے کا اعزاز پانے والے کھلاڑی کے رنوں کی شرح
(سبق 24 اور 25 دیکھیے)

(b) کسی مہینے میں بھارت کے کوئی پانچ شہروں کے درجۂ حرارت کا سروے کیجیے۔اس سروے پر مبنی ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے اور اس میں مندرجہ ذیل باتوں کو شامل کیجیے۔

(i) کسی ایک شہر کے زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت کا اوسط

(ii) کسی ایک دن پانچوں شہروں کے کم سے کم درجۂ حرارت کا اوسط

(iii) تاریخ وار پانچوں شہروں کے کم سے کم درجۂ حرارت کی جدول

(iv) ہر ایک شہر کے زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجۂ حرارت کے اوسط کو بار چارٹ کی شکل میں ظاہر کیجیے۔
(سبق 24 اور 25 دیکھیے)

# Science and Technology

# سائنس اور ٹیکنالوجی

# (212)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر: 20**

نوٹ:

(i) سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جواب کی کاپی کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) دو کالم والی ایک جدول بنائیے جس کے ایک کالم کا عنوان ''خلوی عضویچے'' اور دوسرے کالم کا عنوان ''خصوصی کام'' ہے۔ اس جدول کو مکمل کیجیے۔ (سبق-21 دیکھیے)

| نمبر شمار | خلوی عضویچے | خصوصی کام |
|---|---|---|
| 1۔ | ________ | ________ |
| 2۔ | ________ | ________ |
| 3۔ | ________ | ________ |
| 4۔ | ________ | ________ |

(b) دو عصبی خلیوں (Neuron) کے جنکشن کے لیے کس اصطلاح کا استعمال کیا جاتا ہے؟ پہلے عصبی خلیے کے آخری سرے پر کیا پایا جاتا ہے؟ (سبق-23 دیکھیے)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) 0.5 مول پانی میں موجود سالمات کی تعداد معلوم کیجیے۔ (سبق-3 دیکھیے)

(b) جب ایک لوہے کے چاقو کو نیلے رنگ کے کاپر سلفیٹ محلول میں ڈبویا جاتا ہے تو نیلا رنگ ہلکے ہرے رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ وجہ بیان کیجیے۔ (سبق-4 دیکھیے)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40-60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) رینا کو رات سے کافی تیز بخار ہے۔ اس کی چاچی نے تھرمامیٹر سے اس کے بخار کی پیمائش کی اور پایا کہ اس کے جسم کا درجۂ حرارت 39°C ہے۔ ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے وہ اس درجۂ حرارت کو فارین ہائٹ پیمانہ پر جاننا چاہتی ہے۔ اس درجۂ حرارت کو فارین ہائٹ اسکیل میں تبدیل کرنے کے لیے اس کی مدد کیجیے۔ (سبق-14 دیکھیے)

(b) بنٹی بصری طور پر معذور ہے۔ وہ اپنے والد صاحب کو کسی دوسرے فرد سے بات چیت کرتے ہوئے سنتا ہے۔ صرف آواز سن کر وہ یہ جان لیتا ہے کہ جس فرد کی اس نے آواز سنی ہے وہ اس کی ممانہیں ہیں۔ آواز کی ان خصوصیات کو پہچانیے جن کی بنیاد پر اسے یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ وہ فرد (i) خاتون ہے اور (ii) اس کی ممانی ہیں۔ (سبق-18 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-1500 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ایک گیند کو زمین کی سطح سے اوپر کی طرف عمودی حالت میں پھینکا جاتا ہے۔ یہ گیند 126.5 m کی اونچائی تک پہنچتی ہے۔ معلوم کیجیے:

(i) گیند کو کس رفتار سے پھینکا گیا؟

(ii) گیند کو زیادہ سے زیادہ اونچائی تک پہنچنے میں کتنا وقت لگا؟ (دیا ہے: $g = 9.8\ m/s^2$) (سبق-11 دیکھیے)

(b) مندرجہ ذیل کی وضاحت کیجیے: (سبق-7 دیکھیے)

(i) نیفتھلین کے مقابلے NaCl کا نقطۂ گداخت زیادہ ہوتا ہے۔

(ii) پگھلی ہوئی حالت میں NaCl برقی موصل ہوتا ہے جب کہ ٹھوس حالت میں نہیں۔

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 100-150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) برقی جنریٹر کا اصول بیان کیجیے۔ ساخت اور آؤٹ پُٹ کی بنیاد پر AC اور DC جنریٹروں کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ اس اصول/قانون کو بھی بیان کیجیے جس کی مدد سے جنریٹر میں کوائل کے گھومنے کی سمت کا تعین کیا جاتا ہے۔ (سبق-17 دیکھیے)

(b) اصطلاحات کے مندرجہ ذیل جوڑوں کے درمیان فرق لکھیے اور مثال بھی دیجیے۔ (سبق-32 دیکھیے)

(i) ذاتی صحت اور معاشرتی صحت

(ii) ترسیلی اور غیر ترسیلی بیماریاں

6۔ درج ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) اپنے اطراف پر نگاہ ڈالیے اور توانائی کے ایسے ذرائع کی فہرست بنائیے جن کا آپ مشاہدہ کرتے ہیں یا استعمال کرتے ہیں۔ ان میں سے کم از کم چھ ذرائع کو مندرجہ ذیل جدول میں لکھیے اور ان سے متعلق معلومات کو تحریر کرتے ہوئے جدول کو مکمل کیجیے۔ معلومات کو حاصل کرنے کے لیے آپ اپنی درسی کتاب اور انٹرنیٹ کی مدد لے سکتے ہیں۔

| نمبر شمار | توانائی کے ذرائع | کیا یہ قابل تجدید ہیں | فائدے | نقصانات | ان کے تحفظ کے طریقے |
|---|---|---|---|---|---|
| 1۔ | | | | | |
| 2۔ | | | | | |
| 3۔ | | | | | |
| 4۔ | | | | | |
| 5۔ | | | | | |
| 6۔ | | | | | |

(b) کسی ایسی بیماری کے بارے میں سوچیے اور یاد کیجیے جس سے آپ متاثر ہوئے ہوں۔ ذرا غور کیجیے کہ بیمار ہونے پر آپ کی کیا حالت تھی۔ اپنی درسی کتاب یا انٹرنیٹ کی مدد لیجیے اور اس بیماری کی علامات، وجوہات، وقفہ، وقفۂ خضانت، علاج اور احتیاطی تدابیر سے متعلق تصاویر جمع کیجیے اور ایک چارٹ بنائیے۔

# Social Science

# سوشل سائنس

# (213)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر 20**

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، رول نمبر مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون صاف لفظوں میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) بھیم بیٹکا غار میں پینٹنگ کے مقصد کا تجزیہ کیجیے۔

(b) انسانی تہذیب کے ارتقا میں شہری زندگی کی کن ہی دو خصوصیات کا جائزہ لیجیے۔(سبق 5 دیکھیے)

2۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہمالیہ اور جزائر نما پانی نکاس کے نظام کے درمیان فرق واضح کیجیے۔

(b) ہندوستان میں بارش کی تقسیم پر روشنی ڈالیے۔

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہندوستان میں انتخابی عمل میں بہتری لانے کے لیے کسی دو اقدام کی تجویز پیش کیجیے۔(سبق 22 دیکھیے)

(b) گرام پنچایتوں کو زیادہ طاقتور بنانے کے لیے کوئی دو تجویز پیش کیجیے۔(سبق 18 دیکھیے)

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) ہڑپائی لوگوں کے مذہب اور ثقافت کا جائزہ لیجیے۔

(b) وقت کے ساتھ آبادی میں تبدیلی کیسے ہوتی ہے؟ کن ہی دو عوامل کا تجزیہ کیجیے۔(سبق 14 دیکھیں)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔

(a) ریاستی پالیسی کے کن ہی چار ہدایتی اصولوں پر روشنی ڈالیے جو سماجی اور معاشی مساوات کو بڑھاوا دیتے ہیں۔
(سبق 24 دیکھیے)

(b) علاقائیت کی کن ہی دو خوبیوں پر روشنی ڈالیے۔(سبق 17 دیکھیے)

6۔ دیئے گئے درج ذیل پروجیکٹوں کی فہرست میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(ا) مختلف سرگرمیوں/تیوہاروں/مقامات/زیارت/کھیل وغیرہ کے کن ہی چھ تجربات کی درج ذیل جدول کے مطابق فہرست بنائیے جن سے آپ کو قومی یکجہتی اور اتحاد کی اہمیت سیکھنے کی ترغیب ملتی رہے۔

| نمبر شمار | سرگرمی/تیوہار/مقام وغیرہ | تحریک و ترغیب کی وجہ |
|---|---|---|
| .1 | | |
| .2 | | |
| .3 | | |
| .4 | | |
| .5 | | |

(b) اپنے آس پاس پائی جانے والی نباتات اور جانور و پرندوں میں سے ہر ایک کی ۵ انواع کی فہرست بنائیے، یہ معلومات اکٹھی کیجیے کہ آپ کے آس پاس پائے جانے والی انواع میں سے کوئی ختم ہونے کے دہانے پر تو نہیں ہے، ایسی انواع کا نام لکھتے ہوئے ان کے ختم ہونے کے دہانے پر ہونے کے اسباب اور انہیں محفوظ کرنے کی تجاویز پر تقریباً ۲۰۰ الفاظ میں ایک مختصر رپورٹ تیار کیجیے۔

# Economics

# معاشیات

# (214)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر 20**

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے کے اوپر کی طرف اپنا نام رول نمبر، مرکزی مطالعہ کا نام اور مضمون صاف لفظوں میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) خورد معاشیات اور کلاں معاشیات کے درمیان ایک اہم فرق بتایئے۔ (سبق ا دیکھیے)

(b) ''معاشیات کا تعلق کمیابی کی صورت میں انتخاب کرنے سے ہے'' وضاحت کیجیے۔ (سبق 2)

2۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) معیشت میں اشیاء اور خدمات کی اہمیت اور ان کے کردار کے بارے میں بتایے۔

(b) ''سروشکشا ابھیان'' اور ''ہنر انڈیا مہم'' کا ہندوستانی معیشت پہ کیا اثر پڑنے کا امکان ہے؟ (سبق 4)

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ہندوستان جیسے کم ترقی یافتہ ملک کے لیے؛ کیسے پیداوار کی جائے؛ ایک پیچیدہ مسئلہ ہے؛ وضاحت کیجیے کہ کیسے؟

(b) رام جوتا بنانے کی ایک کمپنی چلا رہا ہے، ایک مہم جو کے طور پر رام کے ذریعہ کیا کیا کام کیے جائیں گے؟

4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں لکھیے۔

(a) مثبت اور معیاری معاشیات کا تصور مثالوں کے ساتھ واضح کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیے)

(b) کیا آپ کے خیال ایک ذہین پیدا کار جدید تکنیک کے ساتھ عامل کے گھٹتے حاصل کے واقع ہونے سے بچ سکتا ہے، ''گھٹتے حاصل کے قانون'' (Law of Diminisning return) کی مدد سے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ (سبق 7)

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(a) زیادہ سے زیادہ وسائل کا لگاتار استعمال کرنے سے آپ ہماری معیشت کے مسائل کا حل کس طرح کر سکتے ہیں؟ (سبق 5 دیکھیے)

6۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب لکھیے۔ 6

(a) دیئے گئے اعداد وشمار کی بنیاد پر ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے۔ (سبق 7 دیکھیے)

| اکائیاں اور صنعت | اوسط بیداوار | حاشیائی پیداوار |
|---|---|---|
| 1 | 4 | |
| 2 | 5 | |
| 3 | 5 | |
| 4 | 4 | |
| 5 | 3 | |

(b) ایک پیداوار اکائی میں جا کر اس کی پیداوار صرف اور تقسیم کی سرگرمیوں کی ایک پروجیکٹ رپورٹ تیار کیجیے۔

# Business Studies

# کاروباری مطالعہ

# (215)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر 20**

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون صاف الفاظ میں لکھیے۔

1۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ٹائنی ٹام ایک بہت بڑی فرم کے لیے کام کرتا ہے لیکن اپنی ملازمت سے خوش نہیں ہے؛ اسے لگتا ہے کہ اپنے ہنر کا استعمال وہ کھیتی سے متعلق مشینوں کی مرمت کے کاروبار چلانے کے لیے کرسکتا ہے، اگر اس سے کاروبار کو واحد ملکیت (Sole Propritership) کے طور پر چلایا جاتا ہے تو کیا مسائل پیدا ہو سکتے ہیں؟ (سبق 3)

(b) رینا اور ٹینا ایک شراکت داری فرم کاروبار انجام دے رہی ہیں؛ انہیں کوآپریٹو سوسائٹی کے فوائد کے بارے میں معلومات حاصل ہوئی، اس کاروبار کو آپریٹو سوسایٹی کے طور پر قائم کرنے کے لیے ان کی رہنمائی کریں۔

(سبق 6)

2۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) ٹیڈی ایک مشترکہ سرمایہ حصص کمپنی (جوائینٹ اسٹاک کمپنی) کا شیئر ہولڈر ہے، مشترکہ سرمایہ حصص کمپنی کے شیئر ہولڈر کے طور پر ٹیڈی کو کیا فائدے ملے ہونگے؟

(b) ایک سرکاری گودام اور ایک رہن شدہ گودام کے درمیان فرق کیجیے۔ (سبق 6)

3۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) شری نارائین ایک جوس کاروبار کا اکیلا مالک ہے، وہ اپنی پروڈکٹ کو دور دراز کے مقام پر فروخت کرنے کا فیصلہ کرتا ہے؛ اپنے پروڈکٹ کی ڈھلائی کرنے سے پہلے سڑک کے ذریعہ نقل وحمل سے ہونے والے کون سے فائدے اس کے ذہن میں آنا چاہیے۔ (سبق 5)

(b) ان بیانوں سے معاشی اور غیر معاشی سرگرمیوں کی پہچان کریں۔

(i) شری چیتنیہ اپنے ملک کے لیے فٹ بال کھیل رہا ہے۔

(ii) مسنر شرنیا ٹیلی ویزن پر رقص کا ایک پروگرام دیکھ رہی ہیں۔ (سبق 1)

4۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) وضاحت کیجیے کہ کسی فرم کو اپنی پیداوار (پروڈکٹ) کا ذخیرہ کرنے سے ''گودام''(Ware houseing) کے کن فوائد پر غور کرنا چاہئے؟ (سبق 6)

(b) ایک پرائیویٹ لمٹیڈ کمپنی کی خصوصیات کیا ہیں؟ یہ پبلک لمٹیڈ کمپنی سے کیسے مختلف ہے؟

5۔ درج ذیل سوالوں میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) ایک مشترکہ ہندو فیملی کاروبار میں ''کرتا'' کے ساتھ کون سی امتیازی خصوصیات جڑی ہوئی ہیں؟

(b) شری پرشانت جوٹ کے تھیلے کی پیداوار کرنے والے ایک اوسط قسم کے کاروبار کے مالک ہیں، انہیں ایک بہت دور دراز کے مقام سے ایک آرڈر ملا، انہوں نے ریل ٹرانسپورٹ سے اس پیداوار کو پہنچانے کا فیصلہ لیا، آپ نقل وحمل کے اس ذریعہ کا کیا فائدہ بتا سکتے ہی؟ (سبق 5)

4۔ درج ذیل پروجیکٹ میں سے کوئی ایک پروجیکٹ بنائیے۔ 4

(a) اگر آپ ایک ملازم ہیں اور انتظامیہ آپ سے تنظیم کاروبار میں ترسیل کی اہمیت کی خاکہ کشی کرتے ہوئے ایک رپورٹ پیش کرنے کو کہتا ہے تو اسے حاصل کرنے کے لیے کس طرح جدید ٹکنالوجی کا استعمال کیا جاسکتا ہے؛ اس کے بارے میں بھی ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ (سبق 7)

(b) اپنے نزدیک واقع کسی صنعت میں جائیں، تجارت میں معاون ان عناصر کی شناخت کریں جن سے صنعت کو مدد ملتی ہے، ان صنعتوں کے مددگار کن ہی تین تجارتی معاون پر ایک تفصیلی رپورٹ تیار کریں۔

(سبق 2)

# Home Science

# ہوم سائنس

# (216)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر: ۲۰**

نوٹ: (i) سبھی سوالات لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، مرکزِ مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) بیتا کو نئے لوگوں سے باتیں کرنا بہت پسند ہے، اس کی اس خوبی کو ذہن میں رکھتے ہوئے اسے کوئی دو کیریر تجویز کیجیے۔ (سبق 1)

(b) روٹی اور بریڈ کھانے کے طریقے کیا ہیں؟ ان دونوں طریقوں کا ایک فائدہ اور ایک نقصان لکھیے۔ ان غذائی اشیا میں موجود کوئی دو تغذیات پر ان دونوں طریقوں کا کیا اثر ہوگا؟ (سبق 4)

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریباً 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ 2

(a) اپنے علاقے میں دستیاب مقامی غذائی اشیا کی شناخت کیجیے۔ اور مندرجہ ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔ (سبق 2)

| نمبر شمار | غذا میں موجود تغذکیات (Nutirtion) | غذائی شے کا نام |
|---|---|---|
| 1 | ریشہ اور وٹامن | 1<br>2 |
| 2 | پروٹین اور کیلشیم | 1<br>2 |
| 3 | ریشہ اور آئرن | 1<br>2 |
| 4 | چربی اور وٹامن A | 1<br>2 |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | وٹامن B اور آئرن | 1<br>2 |

(b) دراز میں چاقو ڈھونڈتے وقت کمکم کی انگلی کٹ جاتی ہے، خون کے بہاؤ کو روکنے کے لیے آپ اسے کون سا ابتدائی طبی علاج مہیا کرائیں گے؟ دو احتیاطی تدابیر تجویز کیجیے تا کہ اس قسم کے حادثات کی تکرار نہ ہو۔ (سبق 13)

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک سوال کا جواب تقریبا 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے۔ 2

(a) بسکٹ خریدتے وقت آپ اس کے پیکٹ پر کون سی دو اہم معلومات کو پڑھیں گے اور آلو خریدتے وقت کون سی دو باتوں کو اپنے ذہن میں رکھیں گے؟ ہر ایک غذائیں شے کے معاملے میں کوئی ایک ایسی بات بتائیے جس کی بنیاد پر آپ ان اشیا کو مسترد کر دیں گے۔ اپنے جواب کو مدلل بیان کیجیے۔ (سبق 22)

(b) کوئی ایسے چار طریقے تجویز کیجیے جن کی مدد سے آپ اپنے علاقے میں پانی کے جمع ہونے کو روک سکتے ہیں، پانی جمع ہونے کی وجہ سے کون سی چار بیماریاں آپ کی کمیونٹی کو متاثر کر سکتی ہیں؟ (سبق 6،7،8 دیکھیں)

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب تقریبا 100 تا 150 الفاظ میں لکھیے۔ 4

(a) 13 برس کی میرا اور ۱۰ برس کا منوج آپس میں بھائی بہن ہیں۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) دونوں کی مثالی لمبائی اور وزن (تقریبا) کیا ہونا چاہیے۔

(ii) دونوں میں دانتوں کی نشو و نما کے بارے میں تفصیل بیان کیجیے۔

(iii) صرف میرا میں کون سے جسمانی تبدیلیاں ہوگی؟

(iv) انہیں اپنے اندر کن چار قدروں کو فروغ دینا چاہیے؟ اپنے جواب کو مدلل بیان کیجیے۔

(b) سمیرا حمل کی دوسری سہ ماہی میں ہے، آپ درج ذیل کے سلسلے میں اسے کیا مشورہ دیں گے؟

(i) اس کی غذا

(ii) میڈیکل چیک اپ (طبی جانچ)

(iii) کسرت/ورزش اور آرام

(iv) آنے والے بچے کے لیے تیاری (سبق 17)

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 تا 150 الفاظ میں دیجیے۔ 4

(a) مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دینے کے طریقوں کی وضاحت کیجیے۔

(i) تولیئے کو ہاتھ سے دھونا

(ii) سلک ساری سے شوربے کا داغ ہٹانا

(iii) سفید سوتی شرٹ کو دھونا اور استری کرنا

(iv) بائنڈنگ اور ماربلنگ طریقے سے کپڑے کو رنگنے کے لیے باندھنا

(b) مندرجہ ذیل ہر ایک سے متعلق عمل کی وضاحت کیجیے۔

(i) ساٹن بنائی کو بنانا

(ii) کپڑے پر بلاک پرنٹنگ کرنا

(iii) دھاگے کی سطح پر رنگائی کرنا

(iv) دھاگے کی کتائی کرنا

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ (4×1½ = 6)

(a) سپنا نے حال ہی میں سینئر سیکنڈری امتحان پاس کیا ہے، اس کے والد ایک فیکٹری میں کام کرتے ہیں اور والدہ خاتون خانہ ہیں، اس کے دو چھوٹے بھائی آٹھویں اور پانچویں جماعت میں پڑھتے ہیں۔ سپنا کی درج ذیل سلسلے میں مدد کیجیے کہ وہ:

1۔ اپنے والد صاحب کو گھر میں بیت الخلا بنوانے کے لیے رضامند کر سکے (بیت الخلا کی ضرورت) فوائد، کمیونٹی پر اس کی مثبت اثرات۔

2۔ اپنی والدہ کی حوصلہ افزائی کر سکے کہ وہ اپنی بندھنی (Tie-n-dy) کی مہارت کو نفع بخش انداز میں استعمال کر سکے۔

3۔ اپنے بھائی (VIII) کو امتحان کی تیاری کرا سکے جو لمبی بیماری کے سبب اسکول سے غیر حاضر رہا۔ (اعتماد کو بحال کرنا، وقت کا صحیح استعمال مطالعہ جاتی مہارتیں)

4۔ اپنے چھوٹے بھائی کے لیے ڈائٹ چارٹ بنا سکے جسے بار بار دست آجاتے ہیں۔ (درکار مغذیات اور او آر ایس)

(b) آپ کا چھوٹا بھائی پہلی مرتبہ دودھ، انڈا اور بریڈ خریدنے جا رہا ہے، مندرجہ ذیل معاملوں میں اس کی مدد کیجیے۔

1۔ آپ اسے عمدہ کوالٹی کی چیزیں خریدنے کے لیے کون سی چار ہدایات دیں گے؟

2۔ آپ اسے بریڈ کے لیبل پر کون سی ضروری معلومات کو چیک کرنے کے لیے کہیں گے؟

3۔ کیا اسے پنکھے اور دوا کے لیبل پر بھی اسی طرح کی معلومات حاصل ہوگی؟

4۔ اگر آپ نے اسے ایک لیٹر دودھ (فی لیٹر 50 روپے) 6 انڈے (ایک انڈے کی قیمت 5 روپے ہے) اور ایک بریڈ (ایک پیکٹ کی قیمت ۴۰ روپے ہے) خریدنے کے لیے 200 روپے دیے ہوں تو وہ آپ کو کتنے پیسے واپس کرے گا؟

# Psychology

# نفسیات

# (222)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائن مینٹ

کل مارکس: **20**

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں، ہر سوال کے مارکس اس کے سامنے دیدیے گئے ہیں۔

(ii) جوابات کی کاپی کے پہلے صفحہ کے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکزِ مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) مثال کی مدد سے استحضار کسی بات کو یاد کر کے بیان کر دینا اور پہچان میں فرق بتائیے۔

(b) بڑھاپے کی مسائل یا پریشانیوں سے نمٹنے کے لیے چار تدبیریں بتائیے۔ (سبق 6)

2۔ کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ دو تین سال کی عمر کے بچے کبھی کبھی اور کہیں بھی ضد کرنے لگتے ہیں، بچوں کے اس برتاؤ کا بیان مثال دے کر بتائیے۔ (سبق 10)

(b) ترسیل (کمیونی کیشن) کے مختلف طریقوں کا بیان کیجیے۔ (سبق 14)

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) اسنیہا اپنی ساتھیوں کے ساتھ باہر کھیلنا چاہتی ہے، لیکن وہ اپنے والد صاحب کے ساتھ بھی وقت گزارنا چاہتی ہے جو کام کے سلسلے میں شہر سے باہر جا رہے ہیں وہ کس قسم کی الجھن (کان فلکٹ) کا سامنا کر رہی ہے؟ (سبق 18)

(b) ایک ایک مثال دیکر جینوٹائپ اور فینوٹائپ کا فرق واضح کیجیے۔ (سبق 9)

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 100 تا 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) آنے والے امتحان کی تیاری اچھی نہ ہونے کی وجہ سے آپ کا دوست تناؤ میں ہے، تناؤ سے چھٹکارا پانے کے لیے آپ کیا تدبیریں اختیار کرنے کا مشورہ دیں گے۔ (سبق 18)

(b) اچھی صحت کے لیے ہم کس قسم کے رویہ/برتاؤ کو اپنا سکتے ہیں۔ (سبق 19)

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) فیصلہ لیتے وقت گروپ کے ممبران ایسے جوکھم بھرے فیصلے لیتے ہیں جو کہ اگر وہ اکیلے ہوتے تو کبھی نہ لیتے، ایسا کیوں ہوتا ہے؟ (سبق ۱۳)

(b) دسویں کلاس کے بعد اپنے کیریر کا چناؤ کرتے وقت آپ کن باتوں کا دھیان رکھیں گے؟ (سبق 20)

6۔ ذیل میں دیے گئے پروجیکٹوں میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) ہماری صحت پر آلودگی کے کیا اثرات ہوتے ہیں اور انہیں کیسے روکا جا سکتا ہے، اس سلسلہ میں ایک رپورٹ 200 سے 300 لفظوں میں تیار کیجیے۔ (سبق 23)

(b) ایسے پانچ لوگوں سے ملاقات کیجیے جو باقاعدگی کے ساتھ روزانہ یوگا کی مشق کرتے ہیں، اور یہ جاننے کی کوشش کیجیے کہ یوگا کی مشقیں طرزِ زندگی کو بہتر بنانے کے لیے کس طرح مفید ہیں؟ اس موضوع پر ایک رپورٹ تیار کیجیے۔ (سبق 25)

# Indian Culture & Heritage

# ہندوستانی ثقافت اور وراثت

# (223)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل مارکس:20**

نوٹ: (i) تمام سوال لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) اپنی جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ کے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیے۔

1۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) تاریخ کی فہم یا سمجھ کن دو باتوں پر منحصر ہے؟ تجزیہ کیجیے۔

(b) مخطوطات کیا ہوتے ہیں؟ وہ کون سی اشیاء ہیں جن پر قدیم مخطوطات لکھے ہوئے ملتے ہیں؛ تجزیہ کیجیے۔ (سبق 3)

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۴۰ سے ۶۰ لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) ہڑپا کے لوگوں کی شہری ثقافت کی دو خصوصیات لکھیے (سبق 3)

(b) ہڑپا کے لوگوں کے اہم پیشوں کی دو خصوصیات لکھیے۔ (سبق 3)

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 لفظوں می لکھیے۔ 2

(a) یہ نتیجہ کیسے نکالا جا سکتا ہے کہ پلّوا آرٹ اور فن تعمیر کے بڑے سرپرست تھے؟ (سبق 3)

(b) یہ کیسے ثابت کیا جا سکتا ہے کہ چولا آرٹ اور فن تعمیر کے بڑے سرپرست تھے؟ (سبق 3)

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) دہلی سلطنت کے ماتحت سماج کے مذہبی پیشواؤں، شہری لوگوں، تجارت اور مذہبی طور طریقوں یا حالات میں کیا تبدیلی آئی؟ تجزیہ کیجیے۔ (سبق 4)

(b) اسلام کے چار بنیادی اصولوں کا تجزیہ کیجیے۔ (سبق 4)

5۔ مندرجہ ذیل میں کسی ایک سوال کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں دیجیے۔ 4

(a) بھکتی تحریک اتنی مقبول کیوں ہوئی؟ اپنے جواب کی حمایت میں چار دلیل دیجیے۔ (سبق 4)

(b) عہد وسطی کے ہندوستان میں موسیقی کی ترقی کی نشاندہی کیجیے۔ اس عہد میں موسیقی کے جو مختلف دبستان (اسکول) ترقی پذیر ہوئے ان کا مختصر بیان کیجیے۔ (سبق 4)

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) صدی کے بدل جانے پر بھی خواتین کی حالت میں کوئی فرق نہیں ہوا؛ لڑکی پیدائش کو بدقسمتی کی بات سمجھا جاتا تھا، بچپن ہی میں لڑکیوں کی شادی کرائی جاتی تھی، مردوں کو ایک سے زیادہ شادیوں کی اجازت تھی، عورتوں کا وراثت میں حصہ تھا اور نہ ان کو طلاق دینے کا حق تھا۔ (سبق 5)

(i) کم از کم چار سماجی اور مذہبی اصلاحات کی نشاندہی کیجیے۔

(ii) سماج میں ان کے تعاون پر ایک رپورٹ تیار کیجیے اور ان کے نتائج پر روشنی ڈالیے۔

(iii) ان اصلاحات میں کیا خصوصیات مشترک تھیں۔

(b) اخبارات نے حکومت کی پالیسیوں اور بڑے سماجی اور معاشی مسائل پر اظہار رائے، تنقید اور بحث و مباحثہ کر کے برٹش مخالف احساسات شعور پیدا کیا، اس سے ہندوستانیوں کو اہم سیاسی تعلیم بھی فراہم ہوئی۔

(i) عوامی رائے تیار کرنے میں اخبارات کے رول کی دو اہم وجوہات بیان کیجیے۔

(ii) ہندوستانیوں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اخبارات کس طرح معاون ہوتے ہیں۔

(iii) ہندوستان کی مختلف ریاستوں سے شائع ہونے والے مختلف اخبارات کی ایک رپورٹ بنائیے۔

# Accountancy

# اکاؤنٹنسی

# (224)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل نمبر:20**

نوٹ: (i) سبھی سوالوں کے جواب دینے ضروری ہیں، ہر ایک سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحے پر اوپر کی طرف اپنا نام، رول نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

1۔ (a) آپ حسابی مساوات میں پیشگی ادا شدہ بیمہ کیسے دکھا سکتے ہیں؟ اگر 2800 روپے کے بقدر کمیشن حاصل ہو تو حسابی مساوات پر اس کا کیا اثر پڑیگا؟ (سبق 4) 2

(b) درج ذیل دی گئی معلومات کی بنیاد پر اسٹینلی سید رشوز، احمد آباد کے لیے کریڈٹ واؤچر تیار کیجیے۔

| | |
|---|---|
| 17 اپریل کو کیش میمو نمبر 514 کے ذریعہ لیدر بیگ فروخت کیا گیا | 5800 |
| 24 اپریل کو تیاگی اینڈ کمپنی سے کھاتا کے ذریعہ نقد حاصل۔ نقد رسید نمبر 38 | 4200 |

2۔ (a) چلتے (چالو) کاروبار کا تصور کیا ہے؟ (سبق 2) 2

(b) آپ حسابی معلومات کے استعمال کنندہ کے طور پر لین دار اور مالک کی وضاحت کس طرح کر سکتے ہیں (سبق 1)

3۔ (a) کیا پونجی، (اصل) بیرونی واجب مانی جا سکتی ہے؟ اور کیوں؟ اسٹیشنری کے لیے کی گئی ادائیگی 12,500 روپیے (سبق5) 2

4۔ (a) شری اکھل نے ایک دوکان کھولی، اس کا کاروباری لین دین درج ذیل ہے:

| | |
|---|---|
| 8 جنوری کو خریدا گیا مال | 20,000 روپے |
| 10 جنوری نقد فروخت کیا گیا مال | 82,000 روپے |
| 21 جنوری بجلی چارجز کی ادائیگی | 3,500 روپے |
| 22 جنوری خریدا گیا آفس فرنیچر | 10,500 روپے |

شری اکھل کے ہر ایک لین دین پر اثر انداز کھاتوں اور کھاتوں کی اقسام کے عنوان بتائیے۔ (سبق5) 4

(b) درج ذیل فہرست میں اثاثوں، واجبات اور پونجی کی فہرست بنائیے۔ (سبق 3)

| | |
|---|---|
| تفصیل | |
| پونجی | |

| | |
|---|---|
| بینک | |
| لین دار | |
| پیشگی ادا کرایہ | |
| اکشے (دیندار) | |
| ہاتھ میں نقد | |
| بینک اوورڈرافٹ | |
| بقایا تنخواہ | |

۵۔ (a) درج ذیل دی گئی فہرست سے محاصل اوراخراجات میں درجہ بندی کریں۔ (سبق 3) 4

تفصیل

فروخت

محاصل

ٹیلی فون کا کرایہ

اسٹیشنری

تنخواہ

اداشدہ سود

وصول کمیشن

وصول ڈیوڈنڈ (حصص منافع)

(b) کسی حسابی تصور میں یہ فرض کیا جاتا ہے کہ سبھی کاروباری لین دین رری اصطلاح میں ظاہر کیا جانا چاہئے، اس تصور کی کیا اہمیت ہے؟ (سبق 2)

6۔ (a) کسی بھی آس پاس کے کاروباری ادارے میں جائیں اوراس سلسلے میں ادارے کے ذریعہ اپنائے جانے والے دوہرے اندراج کے تصور(Dual Aspect Concept) پرایک رپورٹ تیارکریں، (کم سے کم 8 لین دین) کی تفصیل ضروری ہے۔ (سبق 2)

(b) کسی بھی دوکان پرجائیں، ایک رپورٹ تیار کیجیے کہ حساب نویسی کس طرح اس تنظیم کی مختلف طریقوں سے مدد کرتی ہے۔(چھ فوائد کی تفصیلات بیان کریں)

# Painting

# پینٹنگ (مصوری)

# (225)

## ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

**کل مارکس: 20**

نوٹ: (i) تمام سوالات لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر اوپر کی طرف اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون کا نام ضرور لکھیے۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں لکھیے۔ 2

(a) تاثریت (امپریشن ازم) کیا ہے؟ تاثریت پسندی کے چار اہم فنکاروں کے نام لکھیے۔ (سبق 6)

(b) مونے نے اپنے شاہکاروں ''واٹرللیز'' میں کس چیز پر زور دیا ہے؟ (سبق 6)

2۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) ''واٹر لی لیز'' پینٹنگ کی تین اہم خصوصیات لکھیے۔

(b) پینٹنگ فنکار آگستے کے کسی ایک شاہکار کے بارے میں لکھیے، اس فن پارے میں فنکار کیا پیغام دینا چاہتا ہے؟

3۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 40 سے 60 لفظوں میں دیجیے۔ 2

(a) ایڈگر ڈیگا کے بارے میں دو لائنیں لکھیے اور اس کی ایک پینٹنگ چسپاں کیجیے اور اس کا نام بھی لکھیے۔ (سبق 6)

(b) ڈیگا کے پینٹنگ شاہکاروں کی چار اہم خصوصیات لکھیے۔ (سبق 6)

4۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 120 سے 150 لفظوں میں لکھیے۔ 4

(a) کیوبزم کا موجد کسے مانا جاتا ہے اور کیوں؟ دلیل سے بتائیے۔ (سبق 7)

(b) سیزان کے پینٹنگ اسلوب (اسٹائل) کی وضاحت کیجیے اور فن کے میدان میں اس کا کیا تعاون ہے؟ (سبق 7)

5۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب 100 سے 150 لفظوں میں کیجیے۔ 4

(a) وان گوف (Vangoph) نے اپنی پینٹنگ ''اسٹاری فائٹ'' میں آسمان کو کس طرح پیش کیا ہے؟ (سبق 6)

(b) معاصر ہندوستانی آرٹ کے چار اہم فنکاروں کے نام بتائیے اور بتائیے کہ اس میدان میں ان کا کیا تعاون ہے؟ (سبق 9)

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔ 6

(a) ڈرائنگ اور پرنٹنگ میں استعمال ہونے والے مختلف آلات اور میٹیریل (سازوسامان) کی تفصیل لکھیے اور ان کی تصویر بھی بنائیے یا ان کی فوٹو چسپاں کیجیے۔

(b) فطری یا طبعی اشیا اور انسان کی بنائی ہوئی اشیا میں کیا فرق ہے؟ انسان ساختہ اور فطری اشیا میں سے کم از کم دو کی تصویریں بنائیے۔

# Data Entry Operations

# ڈیٹا انٹری آپریشنز

# (229)

# ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ

کل نمبر:20

(i) نوٹ: سبھی سوالات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیے گئے ہیں۔

(ii) جوابی شیٹ کے پہلے صفحہ پر سب سے اوپر اپنا نام، اندراج نمبر، مرکز مطالعہ کا نام اور مضمون واضح الفاظ میں لکھیے۔

**سوال نمبر 1۔** درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 سے 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) ہائی لیول لنگویج (HLL) اور لو لیول لینگویج (LLL) کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیے)

(b) کمپائلر اور انٹرپریٹر کے درمیان فرق کی وضاحت کیجیے۔ (سبق 1 دیکھیے)

**سوال نمبر 2۔** ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں دیجیے۔ **2**

(a) زبیدہ اپنے کمپیوٹر پر ایک پرنٹر انسٹال کرنا چاہتی ہے۔ وہ اس کام کو کس طرح مکمل کرے گی؟ اس کام کو مکمل کرنے کے اقدامات لکھیے۔ (سبق 2 دیکھیے)

(b) نیمیش نے انٹرنیٹ سے ایک پروگرامنگ سافٹ ویئر ڈاؤن لوڈ کیا۔ اس سافٹ ویئر کو کمپیوٹر پر انسٹال کرنے میں اس کی مدد کیجیے۔ اس کام کو مکمل کرنے کے لیے تفصیلی اقدامات لکھیے۔ (سبق 2 دیکھیے)

**سوال نمبر 3۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ (سبق 3 دیکھیے) **2**

(a) مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دینے کے لیے شارٹ کٹ لکھیے۔

(i) اسپیلنگ اور گرامر چیک

(ii) منتخب کیے گئے متن کو Cut کرنا

(iii) Replace

(iv) Undo (انجام دیے گئے عمل کو رد کرنا) (سبق 3 دیکھیے)

(b) مندرجہ ذیل کاموں کو انجام دینے کے لیے شارٹ کٹ کی لکھیے۔

(i) Paste

(ii) دستاویز کے سب سے اوپری حصے میں جانے کے لیے

(iii) Redo

(iv) پورے دستاویز کو منتخب کرنا

**سوال نمبر 4۔** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔ (سبق 6 دیکھیے)

(a) اسپریڈشیٹ کی مندرجہ ذیل خصوصیات کو سمجھائیے۔

(i) رِچ کنڈیشنل فارمیٹنگ (Rich Conditional Formatting)

(ii) فریز پینس فیچر (Freeze panes feature)

(b) اسپریڈشیٹ کی مندرجہ ذیل خصوصیات کو سمجھائیے۔

(i) رِچ کنڈیشنل فارمیٹنگ (Rich Conditional Formatting)

(ii) فریز پینس فیچر

**سوال نمبر 5۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی ایک سوال کا جواب دیجیے۔

(a) پریزینٹیشن کے سلائڈ شو ویو اور سلائڈ سارٹر ویو کے درمیان فرق کی تفصیل سے وضاحت کیجیے۔ (سبق 9 دیکھیے)

(b) ایم ایس ایکسل 2007 میں اسمارٹ آرٹ گرافکس فیچر پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔ (سبق 6 اور 7 دیکھیے)

**سوال نمبر 6۔** مندرجہ ذیل پروجیکٹ کی فہرست میں سے کوئی ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(a) آپ ایک کمپنی کے سیلس مینیجر ہیں جو کاسمیٹکس، صابن، ٹیلکم پاوڈر، مائسچرائزر، ڈیوڈرینٹ اور فیس پیک کا کاروبار کرتی ہے۔ ایکسل ورک شیٹ میں فروخت تجزیہ (Sales Analysis) تیار کیجیے اور پھر اس کی بنیاد پر اپنی کمپنی کی سب سے زیادہ نفع بخش مصنوعات کو اجاگر کرتے ہوئے ایک پریزینٹیشن (پیشکش) تیار کیجیے۔ (سبق 6، 7، 8 اور 9 دیکھیے)

(b) ایک غیر سرکاری تنظیم (NGO) سیلاب سے متاثر ہونے والے افراد کے لیے آپ کے شہر کے مختلف حصوں سے عطیات جمع کر رہی ہے۔ جمع کی جانے والی چیزیں کھلونے، بستر چادر، کپڑے، جوتے، خوردنی اشیا (بسکٹ، ویفر، چاکلیٹ، بریڈ) وغیرہ ہیں۔ سبھی علاقوں سے جمع کی گئی اشیا پر ایک جامع اسپریڈشیٹ تیار کیجیے۔ اس کے بعد جمع کی گئی اشیا کا تجزیہ کرنے کے لیے ایک مناسب چارٹ تیار کیجیے۔ (سبق 6، 7، 8 اور 9 دیکھیے)